# قطر میں آجر تبدیل کرن

## کارکنان کے لئے اہم معلومات

MINISTRY OF LABOUR

اپنے ملازمتی معاہدے کے دوران ، ریاست قطر کے تمام کارکنان ، کسی (اجازت نامہ) این او سی کے بغیر، کسی بھی وقت اپنی ملازمت یا ملازمتیں تبدیل کر سکتے ہیں

گو کہ کسی بھی کارکن کو این او سی کی ضرورت نہیں مگر کسی ملازمتی معاہدے کو ختم کرنے یا ملازمت تبدیل کرنے کے قوانین مختلف شعبوں کے کارکنان کے لئے مختلف ہیں

**اگر آپ ٢٠٠٤ لیبر لاء نمبر ١٤ کے تحت نجی شعبے میں کام کر ہے ہیں تو**

## مُلازمت کی تبدیلی کے لیے مُجھے کس طریقِہ کار پر عمل کرنا چاہئیے؟

١. ۔آپ کو منسٹری آف لیبر(وزارتِ محنت) کے برقی اِطّلاعی نِظام کے ذریعے مُلازمت بدلنے کی درخواست جمع کرانا ہو گی۔ وزارت کی ویب سایٹ Ministry's website پر جا کر آجر کی تبدیلی والے فارم کی ایک نقل کو پرنٹ "Change Employer" form فارم کے اندراپنے بارے میں اور اپنے نئے آجر کے بارے میں تمام مطلوبہ معلومات کو پُر کریں ، اُس کے بعد اس پر دستخط کریں۔اپنے نئے آجر سے بھی کہیں کہ وہ کمپنی کی سرکاری مُہر لگائیں اور فارم پر دستخط کریں ۔

٢. ۔ ایک تصویر لیں یا مکمل اور دستخط شُدہ فارم کو اسکین کریں اور اپنے قطری شناخت (کیوآئی ڈی) نمبر اور اپنے موبائل فُون نمبر کا استعمال کرتے ہوئے MoL's electronic notification system پر اپنی رکنیت کا اندراج (لاگ اِن )کریں۔ یاد رکھیں کہ جس موبائل نمبر کا استعمال کرکے آپ لاگ اِن کرتے ہیں، اُسے آپ کے کیوآئی ڈی سے مُنسلک ہونا چاہئیے۔ایک بار جب آپ سسٹم میں داخل ہوجائیں، تو مکمّل اور دستخط شُدہ «آجر بدلیں» کا فارم اپ لوڈ کریں ۔

٣. آپکی درخواست جمع ہونے کے بعد، سسٹم ایک ای سی (ایمپلائی چینج) نمبر وضع کرے گا جو آپ کی اسکرین پر نمودار ہوگا۔ای سی نمبر بہت اہم ہے تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اسے لکھ کر رکھ لیں، اپنے فُون سے اس کی ایک تصویر بنا لیں۔

٤. وزارت محنت سے آپ کی مُلازمتیں بدلنے کی درخواست کی منظور ی کے بعد ، آپکو وزارت کی جانب سے ایک پیغام (ایس ایم ایس) موصُول ہوگا جس میں آپ کی مُلازمت بدلنے کی تصدیق کیساتھ ساتھ ، آپ کے نوٹس کی مُدّت کے بارے میں مطلع کیا جاے گا۔ ساتھ ہی ، آپ کے موجودہ آجر اور آپ کے نئے آجر، دونوں کو ایک پیغام موصول ہوگا۔

- اگر آپ نے اپنے موجودہ آجر کے ساتھ دو سال یا کم عرصےتک ملازمت کی ہے توآپ کے نوٹس کا دورانیہ **١ ماہ ہوگا۔**
- اگر آپ نے اپنے موجودہ آجر کے ساتھ دو سال یا دو سال سے ا زائد عرصے تک کام کیا ہے توآپ کے نوٹس کا دورانیہ **٢ ماہ ہوگا۔**

وزارت محنت ، آپ کے نوٹس کی مُدّت کے اِختتام کی نشاندہی بھیجے گئے پیغام ( ایس ایم ایس) میں کرےگی۔ نوٹس کی مُدّت کے دوران آپ کو اپنے موجودہ آجر کے لیے کام کرنا جاری رکھنا ہوگا۔

٥. آپ کے نوٹس کی مُدّت کے اِختتام سے لے کر تین ماہ کے اندر اندر، آپ کے نئے آجر کو آپ کے مُلازمتی مُعاہدے کی تفصیلات Digital Authentication System for a Multi-lingual Employment Contract MoL's کے ذریعے آن لائن جمع کرانا ہونگی ۔ اس سے آپ کا نیا مُلازمتی مُعاہدہ وجود میں آئے گا جس پر آپ کو اور آپ کے نئے آجر دونوں کو دستخط کرنا ہوں گے۔ آپ دونوں کی جانب سے دستخط ہوجانے کے بعد، آپ کا نیا آجر اسے digital platform تصدیق کے لیے وزارت کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر اپ لوڈ کردے گا۔ آپ کا نیا آجر آپکو ایم او ایل یا وزارتِ محنت کی جانب سے تصدیق شُدہ مُعاہدے کی ایک نقل دینے کا پابند ہے ۔ آپ اسے MoL's website کی ویب سائٹ سے بھی خود بھی ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

٦. آخرمیں ، آپ کا نیا آجر وزارتِ داخلہ کی می ٹریش سروسز کے ویب پیج پر لاگ اِن کرے گا تاکہ آپ کے لیے ایک نئے کیوآئی ڈی کی درخواست کرے۔ آپ کے نئے آجر پر لازم ہے کو وہ آپ کو نیا کیوآئی ڈی فراہم کرے۔

## کیا مُجھے اپنی آزمائشی (پروبیشن) مدّت کے دوران مُلازمتیں تبدیل کرنے کے لیے اسی طریقِ کار پر عمل کرنا ہوگا؟

ہوسکتا ہے کہ آپ کے مُلازمتی مُعاہدے میں یہ شرط عائد کی گئی ہو کہ آجر کی منظوری سے، آپ کو ملازمت کی ایک آزمائشی مُدّت پوری کرنا ہوگی ۔ تاہم، ملازمت کی آزمائشی مُدّت کا دورانیہ ملازمت کے آغاز کی تاریخ سے چھ ماہ سے زیادہ کا نہیں ہونا چاہئیے، اور آپ کو ایک ہی آجر کے ساتھ ایک سے زائد آزمائشی مُدّت کے دورانیے گزارنے کے لئے پابند نہیں کیا جا سکتا۔

آپ ملازمت کی آزمائشی مُدّت کے دوران، اپنے مُلازمتی مُعاہدے کو منسُوخ کرسکتے ہیں، لیکن اس کے لئے درج ذیل نُکات کی تعمیل ضروری ہے:

- ترک ملازمت کے منصوبے سے کم از کم ایک مہینہ پہلے، اوپر دیئے گئے طریقے کے مطابق، درج ذیل ویب سائٹ کے ذریعے مُلازمت میں تبدیلی کے لیے اپنی درخواست جمع MoL's electronic notification system کرائیں
- آپ کے نئے آجر کے لئے لازمی ہے کہ وہ آپ کے موجودہ آجر کو ریکروٹمنٹ فیس (بھرتی کے معاوضے ) کا ایک حصہ اور یکطرفہ (ون-وے) ٹکٹ کا اتنا معاوضہ ادا کرے جس پر موجودہ اور نیا آجردونوں متفق ہوں بشرطیکہ اسکی لاگت آپ کی دو مہینے کی موجودہ بُنیادی اُجرت سے زائد نہ ہو ۔
- وزارت سے مُلازمت کی تبدیلی کی منظوری کے بعد، آپ کو وزارتِ محنت کی جانب سے ایک ایس ایم ایس موصُول ہوگا جس میں آپ کی مُلازمت کی تبدیلی کی تصدیق اورآپ کے نوٹس کی مُدّت کے بارے میں اِطّلاع ہوگی۔ آپ کے نوٹس کی مُدّت کی اختتامی تاریخ کی ایس ایم ایس میں نِشاندہی کی جائے گی۔ آپ کو آخری تاریخ تک اپنے موجودہ آجر کے ساتھ کام کرنا ہوگا سوائے یہ کہ آپ اور آپکا موجودہ آجر اس کے علاوہ کسی انتظام پر اتفاق رائے کر لیں ۔

## مَیں وزارتِ محنت کے برقیاتی اِطّلاعی نظام میں جمع کرائی جانے والی درخواست کی موجودہ صورتحال کیسے جان سکتا ہوں ؟

جب ایک بار آپ نے MoL's electronic notification systemکا استعما ل کرکے مُلازمت تبدیل کرنے کی درخواست جمع کرادی، تو آپ درج ذیل لِنک کے ذریعے اپنی درخواست کی موجودہ صورتحال بارے جان سکتے ہیں:
/http://ecai.adlsa.gov.qa
لاگ اِن یا اندراج کرنے کے لیے آپ کو اپنا کیو آئی ڈی(قطری شناخت) نمبر اور ای سی نمبر شامل کرنا ہوگا جو ایم او ایل کےبرقیاتی اِطّلاعی نظام کی جانب سے اُس وقت وضع کیا گیا جب آپ نے اپنی درخواست جمع کرائی تھی۔

## اگر مَیں اپنے موجودہ آجر کے ساتھ نوٹس کی مُدّت مکمل ہونے تک کام نہ کروں تو کیا ہو گا

اگرآپ اپنے نوٹس کی مُدّت کے اِختتام سے پہلے کام روکنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کو اپنے موجودہ آجر کو نوٹس کی مدّت کے ہر اُس دن کی ادائیگی کرنا ہوگی جب جب آپ کام نہیں کرینگے ۔
اس کا حساب، ایک اوسط کے تناسب سے، نوٹس کی باقی رہنے والی مدت میں آپکی بنیادی اجرت کے معاوضے کے برابر ہو گا۔
مثال کے طور پر: آپ کی بُنیادی اُجرت ۱۵۰۰ قطری ریال فی مہینہ ہے لیکن آپ اپنے نوٹس کی مُدّت کے اختتام سے دو ہفتے قبل کام کرنا چھوڑنا چاہتے ہیں ، تو آپ اس مُعاہدے کو قانُونی طور پر ختم کرنے کے لیے اپنے آجر کو ۷۵۰ قطری ریال ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔

## کیا مَیں اپنے موجودہ آجر کے ساتھ نوٹس کی مُدّت کو مکمل نہ کرنے پر اتفاق کرسکتا ہُوں؟

جی ہاں، آپ اور آ پ کا موجودہ آجر نوٹس کی مُدّت کو مکمل نہ کرنے پر آپس میں اتّفاق کرسکتے ہیں۔ ایسی صُورت میں، آپ اپنی مُلازمت کی تبدیلی کی درخواست کے ساتھ اپنا اور اپنے موجودہ آجر کا دستخط شدہ ایک خط مُنسلک کرسکتے ہیں ۔ دستخط شُدہ خط میں یہ واضح ہونا چاہئے کہ آپ اور آپ کے موجودہ آجر نے مُتعلقہ قوانین کی رو سے نوٹس کی ضروری مُدّت کو پُورا نہ کرنے پر باہمی اِتفاق کر لیا ہے۔ وزارتِ محنت،نوٹس کی مُدّت کا تعین کرتے وقت ،آپکے باہمی مُعاہدے کومد نظر رکھے گی۔

## کیا مُجھےاپنے نئے آجر کو ، آجر کی تبدیلی کے لیے اٹھنے والے انتظامی اخراجات ادا کرنا یا کسی اور صورت میں بھرنا ہونگے

جی نہیں، کارکنان کے لیے آجر کو تبدیل کرنے کا طریقِ کار با لکل مُفت ہے۔ عِلاوہ ازیں، آپ کو نئی کیو آئی ڈی کے اجراء کے لیے اپنے نئے آجر کو کسی قسم کی ادائیگی کرنے یا کسی اور صورت میں بھرنے کی کوئی ضرورت **نہیں** ہے۔

## اگر میں مُلازمت کی تبدیلی کی درخواست جمع کراوں تو کیا میرا موجودہ آجر میرا کیو آئی ڈی منسوخ کرسکتا ہے ؟

ایک بار جب آپ نےایم ا و ایل کے برقیاتی اِطلاعی نظام کے ذریعے مُلازمتوں میں تبدیلی کی درخواست جمع کرادی، آپ کا موجودہ آجر آپ کی کیوآئی ڈی منسُوخ نہیں کرسکتا یا ملازمت سے بھاگنے کا جُھوٹا مُقدّمہ دائر نہیں کرسکتا۔

## اگر مُلازمت تبدیلی کی درخواست جمع کرانے سے قبل میرا موجودہ آجر میرا کیوآئی ڈی منسُوخ کردے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

اگر آپ کا موجودہ آجر، آپ کی درخواست جمع کرانے سے قبل آپ کا کیوآئی ڈی منسوخ کردیتا ہے تو آپ کو یا تو Unified Platform for Complaints and Whistleblowers کے ذریعے پہلے ایم او ایل کے شِکایت درج کرانی چاہئیے یا پھر وزارت محنت کے دفتر جا کر شکایت درج کروانی چاہئیے۔ وزارت سے آپ کی شکایت کا جائزہ لئے جانے کے بعد ، آپ کو عربی زبان میں ایک دستخط شُدہ خط جمع کرانا ہوگا جس میں لیبر ریلیشنز ڈپارٹمنٹ کے سربراہ کو اپنی کیو آئی ڈی کو دوبارہ فعّال کرنے کی درخواست کی جائے۔ خط میں آپ کو ایک مُختصر وضاحت شامل کرنی چاہئیے کہ آپکو کیوآئی ڈِی کی بحالی کی درخواست کیوں کرنا پڑ رہی ہے ۔ خط میں اپنے کیوآئی ڈی اور موبائل فُون نمبر ضرور درج کریں۔ دستخط شُدہ خط کے ساتھ ساتھ، آپ کو اپنے کیوآئی ڈی کی ایک نقل، اپنےکیو آئی ڈی کی منسوخی کے بارے میں اطلاعی ایس ایم ایس کی ایک نقل اور نئی مُلازمت کی پیشکش کی ایک نقل بھی جمع کرانا چاہئیے۔ اپنے ریکارڈ کے لیے ان دستاویزات کی ایک نقل اپنے پاس رکھیں۔

وزارتِ محنت ، آپ کے کیو آئی ڈی کی بحالی کے لیے وزارت داخلہ سے رابطہ کریگی ۔ آپ می ٹریش کے ذریعے اپنے کیو آئی ڈی کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

کیو آئی ڈی بحال ہو جانے کے بعد، آپ ایم او ایل کے برقیاتی اِطّلاعی نظام کا استعمال کرکے مُلازمت میں تبدیلی کی درخواست کرسکتے ہیں۔

## کیا مَیں اپنی مُلازمت کی تبدیلی کی درخواست منسُوخ کرسکتا ہُوں؟

اگر MoL's electronic notification system کے ذریعے مُلازمتوں میں تبدیلی کی ایک درخواست آپ نے جمع کرائی ہے اور آپ کی درخواست اب بھی زیر غور ہے، تو آپ اسی سسٹم کے ذریعے اسے منسُوخ کرسکتے ہیں۔ اپنے کیوآئی ڈی نمبر اور اپنے موبائل نمبر کا استعمال کرکے MoL's electronic notification system میں لاگ ان کریں۔

وزارت سے منظوری کے بعد اور اپنے نئے ملازمتی معاہدے کی تصدیق سے قبل، اگر آپ مُلازمت تبدیلی کی اپنی درخواست کو منسُوخ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو ایم او ایل کو ایک تحریری درخواست جمع کرانا ہو گی۔ آپ کو عربی زبان میں ایک دستخط شُدہ خط جمع کرانا ہو گا جس میں لیبر ریلیشنز ڈپارٹمنٹ کے سربراہ کو درخواست کو منسُوخ کرنے کی درخواست کی گئی ہو۔ خط میں آپ کو ایک مُختصر وضاحت شامل کرنی چاہئیے کہ آپ کیوں اپنی درخواست کو منسوخ کرنے کی درخواست کررہے ہیں اور اس کے ساتھ آپ کا ای سی نمبر، آپ کے کیوآئی ڈی کی ایک نقل اور موبائل فُون نمبر بھی شامل ہونا چاہئیے۔

## اگر مَیں آجر تبدیل کرتا ہوں تو کیا مَیں اپنے ملازمت کے خاتمے والے فوائد حاصل کرسکتا ہُوں؟

اگر آپ نے کم از کم ایک سال کی مُلازمت مکمل کی ہے اوراسکے بعد آجر کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے موجودہ آجر سے اپنے ملازمت کے اختتا م پر ملنے والے فوائد ( اینڈ آف سروس بینیفٹس) اور اس کے ساتھ ساتھ کوئی بھی باقی سالانہ تعطیلات اور اپنے مُلازمتی مُعاہدے میں بیان کئے گئے دیگرفوائد اور سہولتیں حاصل کریں ۔

## اگر مُجھے اپنی اُجرتوں کی ادائیگی نہیں کی گئی ، تو کیا مجھے تب بھی مُلازمت تبدیل کرنے سے قبل نوٹس دینا ہو گا؟

اگر آپ کے موجودہ آجر نے اپنی قانونی ذمہ داریاں پُوری نہیں کی ہیں (جس میں اُجرتوں کی ادائیگی شامل ہے) تو آپ (قانونِ محنت) لیبر لاء کے تریم شُدہ آرٹیکل ۵۱ کے تحت بغیر کوئی نوٹس دیئے مُلازمت تبدیل کرسکتے ہیں۔ آپ کو ایم او ایل کے لیبر ریلیشنز ڈپارٹمنٹ میں ایک شکایت درج کرانی چاہئیے۔ آپ اپنی شکایئت وزارت کے ذریعے اس پلیٹ فارم پر کرسکتے ہیں Unified Platform for Complaints and Whistleblowers یاد رکّھیں کہ آپ کو مکمل حق حاصل ہے کہ اپنی بقایا اُجرت، اینڈ آف سروس گریجویٹی (ایک سال کی مُلازمت کے بعد) او ر کوئی بھی واجب الادا سالانہ تعطیلات حاصل کریں۔ اگر آپ قطر سے جانے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کے آجر کو آپ کی وطن واپسی کے لیےجہاز کے ایک ٹکٹ کی لاگت برداشت کرنا ہوگی۔

## کیا مَیں ایسا کر سکتا ہوں کہ قطر چھوڑ کے جاوں اور ایک نئی مُلازمت شروع کرنے کے لیے دُوبارہ واپس آئوں؟

اگر آپ کوئی اطلاع دیے بغیر یا اپنے نوٹس کی مُدت مُکمّل کیے بغیرقطر سے جاتے ہیں تو آپ ایک سال کے لیے قطرواپس آکر کام کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔ ایسی صُورتحال سے بچنے کے لیے آپ کو درج ذیل طریقوں پر عمل کرنا ہوگا:

اگر آپ اپنی ملازمت کی آزمایشی مدت کے دوران قطر سے جانا چاہتے ہیں:

- آپ کو MoL’s electronic notification system کے ذریعےاپنے آجر کو اِطّلاع دینی چاہئیے۔نوٹس کی مُدّت پر آپ کے آجر کا اتفاق ہونا چاہئیے مگر اسکی مدت دو مہینے سے زیادہ نہ ہو
- اگر آپ اپنے نوٹس کی مُدّت پوری کیے بغیر چھوڑ کر جانا چاہتے ہیں، تو آپ کو اپنے آجر کو نوٹس پیریڈ کے بقیہ حصے کے لیے اپنی بُنیادی تنخواہ کے برابر زرتلافی ادا کرنا ہوگا، بشرطیکہ یہ رقم دو ماہ کی بُنیادی تنخواہ سے زیادہ نہ ہو۔

اگر آپ اپنی ملازمت کی آزمایشی مدت کے بعد قطر سے جانا چاہتے ہیں:

- اگر آپ نے اپنے آجر کے لیے دو سال یا کم عرصے کے لیے کام کیا ہے تو آپ کو اپنے آجر کو مُلازمتی مُعاہدے کے اختتام سے ایک ماہ قبل MoL’s electronic notification system کےذریعے اطلاع دینی چاہئیے ۔
- اگر آپ نے اپنے آجر کے لیے دو سال یا زائد عرصے کے لیے کام کیا ہے تو آپ کو اپنے آجر کو مُلازمتی مُعاہدے کے اختتام سے دو ماہ قبل MoL’s electronic notification system کےذریعے اطلاع دینی چاہئیے۔
- اگر آ پ مُندرجہ بالا نوٹس کی مُدّت پُوری کیے بغیر قطر سے جانے کے خواہاں ہیں تو آپ اپنے آجر کو نوٹس پیریڈ کے بقیہ حصے کے لیے اپنی بُنیادی تنخواہ کے برابر زرتلافی ادا کرنے کا پابند ہو ں گے۔

## کیا میرا آجر میرے مُلازمتی مُعاہدے کو منسُوخ کرسکتا ہے؟

جی ہاں، آپ کا آجر بھی آپ کا مُلازمتی مُعاہدہ منسُوخ کرسکتا ہے۔

١. ملازمت کی آزمایشی مدت کے دوران، اگر آپ کا آجر آپ کو مُلازمتی مُعاہدے میں بیان کئے گئے « کام کی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے نااہل» پاتا ہے ، تو آپ کا آجر مُعاہدے کو منسوخ کرسکتا ہے ، مگر آجر پر لازم ہے کہ وہ آپکو ایم او ایل کے برقیاتی نظام کے ذریعے ملازمتی معاہدے کی منسوخی سے کم ازکم ایک ماہ پہلے اطلاع دے۔

مُلازمتی مُعاہدے کے منسوخ ہونے پر، اگر آپ اپنی رہائش کے مُلک واپس جانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کے آجر کو واپسی کے فضائی ٹکٹ کے اخراجات کو برداشت کرنا ہوگا۔

٢. ملازمت کی آزمایشی مدت کے بعد، اگر آپ کا آجر آپ کے مُلازمتی مُعاہدے کو منسوخ کرنا چاہتا ہے تو اسے آپ کو ایم او ایل کے برقیاتی نظام کے ذریعے مُطلع کرنا چاہئیے۔

- اگر آپ نے اپنے آجر کے ساتھ دو سال یا کم عرصہ کام کیا ہے تو نوٹس کی مُدت ایک ماہ ہے۔
- اگر آپ نے اپنے آجر کے ساتھ دو سال یا زائد عرصہ کام کیاہے تو نوٹس کی مُدت دو ماہ ہے۔

نوٹس کی مُدّت کے دوران ،آپ اور آپ کے آجر دونوں پر مُلازمتی مُعاہدے کے شرائط و ضوابط کی پاسداری کرنا لازم ہوگا۔

## کیا میرا آجر نوٹس کی مدت مکمل کیے بغیر میرے مُلازمتی مُعاہدے کو منسُوخ کرسکتا ہے؟

۔اگر آپ کا آجر نوٹس کی مدت پوری کیے بغیر آپ کے مُعاہدے کو منسوخ کرتا ہے تو آجر کو نوٹس پیریڈ کے پورے یا بقیہ حصے کے لیے آپکی بُنیادی تنخواہ کے برابر زرتلافی ادا کرنا ہوگا.

مِثال کے طور پر: اگر آپ کی بُنیادی اُجرت ١٥٠٠ قطری ریال ہے اور آپ کے آجر نے ایک ماہ کے نوٹس پیریڈ کے اختتام سے دو ہفتے قبل آپ کو کام چھوڑنے کا کہا تو آپ کے آجر کو اس مُعاہدے کو قانونی طور پر منسُوخ کرنے کے لیے آپ کو ٧٥٠ قطری ریال ادا کرنے ہوں گے

## ۔ کیا مُلازمتی مُعاہدے کےاختتام پر میری وطن واپسی کے لیے فضائی ٹکٹ کی ادائیگی میرے آجر کو کرنا ہوگی

۔ معاہدے کی میعاد کے ختم ہونے کے بعد زیادہ سے زیادہ دو ہفتوں کے اندر اندر آپ کی وطن واپسی کے فضائی ٹکٹ کی لاگت اٹھانے سمیت، آپکے آجر پر لازم ہے کہ وہ آپکی وطن واپسی کے تمام انتظامات مکمل کرے۔ اگر آپ ملک چھوڑنے سے قبل کسی اور آجر کے ساتھ کام کرنا شروع کرتے ہیں تو آپکی وطن واپسی کی ذمہ داری لازماً نئے آجر کو نبھانا ہو گی ۔

اگر آپ ، اپنے نوٹس کی مدت کا احترام کرتے ہوئے (لیبر لاء کے ترمیم شُدہ آرٹیکل ٥١ نفاذ سے ماورا)،اپنے مُعاہدے کو منسوخ کرتے ہیں اور قطر سے جانے کا ارادہ کرتے ہیں، تو آپ کے آجر کو واپسی کے فضائی ٹکٹ کی لاگت کا صرف ایک حصہ ادا کرنا ہو گا جو آپ کے مُلازمتی معاہدے کی پوری مدت میں سےانجام دیئے گئے ملازمتی دورانئے کے حساب سے ہو گا ۔ مثال کے طور پر : اگر آپ ایک سال کام کرنے کے بعد اپنا دوسالہ مُلازمتی مُعاہدہ ختم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے آجر کو واپسی کے فضائی ٹکٹ کی صرف نصف لاگت اُٹھانا ہو گی۔

## خصوصی قوانین  کے دائرے میں آنے والے کارکنان کیلئے

### گھریلو کارکنان کے لیے ملازمتوں کی منسوخی اور تبدیلی کے کیاقوانین و ضوابط ہیں؟

گھریلو کارکنا ن کے لیے مُلازمتوں کی منسوخی اور تبدیلی کے اصول وہی  ہیں جو ٢٠٠٤ء کے لیبر لاء نمبر ١٤ کے زیرِ تحت نجی شعبے   میں کام کرنے والے کارکنان کے لیے ہیں۔ان قوانین کی روشنی میں، گھریلو مُلازمین کے لیے ایک تازہ معیاری  مُلازمتی مُعاہدہ منظورکیا گیا ہے۔ تاہم، یاد رکھیں کہ گھریلو کارکنان کے لیے ملازمت کے آزمائشی دورانئے کی مدت  ٣  ماہ سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ علاوہ ازیں، ایک گھریلو کارکن ایک آجر کے ساتھ صرف ایک بار آزمائشی مدت پوری کرسکتا ہے۔

اگر کارکن مُلازمتی مُعاہدے میں دیئے گئے فرائض کی پاسداری نہیں کرتا یا ان فرائض کی پابندی  نہیں کرتا ج Articles 11 and 16 of Law No. 15 of 2017 on Domestic Workers میں بیان کیے گئے ہیں۔ تو کسی نوٹس کے بغیر اور منسوخی کے سال کے لیے ملازمت کے خاتمے پر دیئے جانے والا معاوضہ  (اینڈ آف سروس گریجویٹی ) دیے بغیر، گھریلو کارکنان کے آجران  مُلازمتی مُعاہدے کو منسوخ کرسکتے ہیں اِس کے علاوہ، Article 17 of Law No. 15 of 2017 on Domestic Workers میں  بیان کی گئی صورتوں  میں، کسی نوٹس کے بغیر ،اپنے جاری  مُعاہدے کے دوران کسی بھی وقت، گھریلو کارکنان اپنے ملازمتی معاہدے کو یکطرفہ طور پر منسوخ کر سکتے ہیں تا ہم، گھریلو کارکنان اس دوران بھی  ملازمت کے خاتمے پر دیئے جانے والے معاوضے ،بقایا سالانہ تعطیلات کے بقایا جات اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے وطن واپسی کے لیے فضائی ٹکٹ کے حقدار رہیں گے۔

### زرعی مُلازمین اور چراگاہ کے کارکنان اور ماہی گیروں کے لیے مُلازمتوں کی منسوخی اور تبدیلی کے کیا قوانین  ہیں؟

زرعی مُلازمین اور چراگاہ کے کارکنان اور ماہی گیروں کے لیے مُلازمتوں کی منسوخی اور تبدیلی کے  قوانین  بالکل وہی ہیں جو ٢٠٠٤ ء کے لیبر لاء نمبر١٤ کے تحت نجی شعبے کے کارکنا ن کے لیے ہیں۔

اگر آپ کو مزید تفصیلات  درکار ہیں  تو زراعت اور چراگاہی میں کارکنان کے لیے ٢٠٠٤ء کے لیبر لاء نمبر ١٤ کی چند دفعات کے اطلاق پر کونسل آف منسٹرز کی  قرارداد نمبر ١٧ کا جائزہ لیں۔

## مُجھے کیا کرنا چاہئے اگر میرا موجودہ آجر  مُجھے کسی اور آجر کی جانب جانے سے روک رہا ہے یا اگر مُجھے مزید معلومات درکار ہیں؟

اگرآپ کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آپ کا آجر ناجائز طور پر آپ کو مُلازمت تبدیل کرنے سے روک رہا درکار ہیں  تووزارتِ محنت کے (**40288101**) پریا (info@mol.gov.qa) ہے یاآپ کو مزید معلومات لیبر ریلیشنز ڈپارٹمنٹ سے ہاٹ لائن پر ای میل کے ذریعے رابطہ کریں یا ہمارے دفاتر کا دورہ کریں۔
اسکے علاوہ، Unified Platform for Complaints and Whistleblowers کا استعمال کرکے  آپ وزارت میں بھی شکایت جمع کرواسکتے ہیں